یہ تو آپ نے سن رکھا ہے کہ پاکستان میں ایک جماعت ہماری جماعت کا بھرپور تعاقب کر رہی ہے، اس کا نام عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت" تھا۔ یہ سید عطاء اللہ شاہ بخاری، محمد علی جالندھری، قاضی احسان احمد شجاع آبادی، لال حسین اختر، محمد حیات المعروف فاتح قادیان، محمد یوسف بنوری، محمد شریف جالندھری، خان محمد خانقاہ سراجیہ، عزیز الرحمن جالندھری، محمد یوسف لدھیانوی وغیرہ وغیرہ کی جماعت ہے اس کے راہنما بڑے نڈر اور بیباک واقع ہوئے ہیں اس جماعت کے مبلغ اور کارکن ایسے ہیں جو آگ اور طوفانوں سے کھیلتے ہیں پہلے یہ جماعت صرف پاکستان تک محدود تھی۔ اب یہ

جناب عبدالرحمٰن یعقوب باوا کی عدالت میں محمد حنیف ندیم کے خلاف استغاثہ

بشیر احمد شاہد قادیانی جو خط لکھتا ہے کہ اس میں وہ مرزا قادیانی کی طرح دجل سے کام لیتا ہے گویا ؎

"صاف چھپتا بھی نہیں سامنے آتا بھی نہیں"

اس نے اپنا تازہ خط جناب عبدالرحمٰن یعقوب باوا مدیر اعلیٰ کے نام لکھا ہے جسے خط کی بجائے استغاثہ کہنا زیادہ مناسب ہے۔ اس کے استغاثے کا خلاصہ یہ ہے:

"میری ایک روزہ مصروفیات میں سے ایک رسالہ ختم نبوت کا حصول اور مطالعہ کرنا ہے۔ اس وقت تازہ شمارہ میرے سامنے پڑا ہے۔ زبان میں سختی اور بوجھ پایا جاتا ہے۔ یہ خط محض ہمدردی اور دلی جذبات سے لکھ رہا ہوں محترم محمد حنیف ندیم صاحب کی طرف سے شائع ہونے والے مضامین کو ایک نظر دیکھ لیا کریں۔ اور کسی خط کا جواب دیتے وقت تحمل اور بردباری کو مد نظر رکھیں۔ محترم ندیم صاحب نے ظفر اللہ قادیانی کا جو اصل روپ دکھایا ہے (وہ مضمون م ب صاحب کا ہے جو سابق قادیانی یعنی گھر کے بھیدی ہیں) اس تحریر سے کئی محب وطن پاکستانیوں کے جذبات مجروح ہوئے ہوں گے۔ کاش مضمون نگار کو اذکروا اموا تکم بالخیر کا ارشاد یاد ہوتا اور ولا تنابزو بالالقاب کا قرآنی حکم مد نظر رہتا۔" الخ

(بشیر احمد شاہد، کراچی)

بشیر صاحب! تمہارے عقیدے کے مطابق حضرت عیسیٰ علیہ السلام مر چکے ہیں، تمہارے مرزا قادیانی نے ان کو جو بے نقط گالیاں دی ہیں اسے اذکروا اموا تکم بالخیر کیوں یاد نہیں رہا ـــــ اور سنئے مرزا قادیانی نے تمام عالم اسلام کے مسلمانوں کو کنجریوں کی اولاد (آئینہ کمالات اسلام ص ۵۴۸) لکھا اس وقت تمہارے جذبات میں تلاطم برپا کیوں نہ ہوا اور قرآنی حکم کا کیوں خیال نہ آیا ـــــ اگر ہماری تحریر یا زبان میں سختی ہے تو وہ بھی قرآنی حکم کے تحت ہے۔ قرآن پاک میں صاف موجود ہے "أشداء على الكفار رحماء بينهم" ـــــ دیکھئے رسالے میں کوئی بات ایسی شائع نہیں ہوتی جو فرقہ واریت پر مبنی ہو یا کسی مسلمان کی دلآزاری ہوتی ہو ـــــ رہے قادیانی نہ تو وہ مسلمان نہ کوئی فرقہ ـــــ بلکہ کافر، زندیق اور مرتد ہیں ایسے میں ان سے نرمی کیسی؟ کیونکہ ؎

"لاتوں کے بھوت باتوں سے کبھی نہیں مانتے"

(آپ کا ندیم)

لندن آیا تو یہ بھی لندن پہنچ گئے۔ اور جماعت کو عالمی بنا لیا۔

مجھے مختلف ملکوں سے وفود بھی ملے ہیں اور خطوط بھی کہ اس جماعت کا کوئی وفد جس میں عبدالحفیظ کی، ضیاء القاسمی، عبدالرزاق سکندر، خلیل احمد زاہدی، عبدالرحمٰن یعقوب باوا اور کوئی اللہ وسایا شامل ہے (شاید یہ وہی ہے جو ربوہ میں تھا بہت ناک میں دم کیا تھا اس نے) پوری دُنیا کا دورہ کر رہا ہے۔ بہت سے ملکوں کا دورہ ہو چکا ہے، بہت سے ملکوں کا رہتا ہے ظاہر ہے کہ وہ چھوڑیں گے نہیں جہاں جہاں گئے ناک میں دم کر دیا ہر ہر جگہ میرے چیلوں اور پیروکاروں میں ابتری اور بددلی پھیلتی جا رہی ہے۔ —— گذشتہ دنوں یہاں لندن میں ختم نبوت کانفرنس ہوئی۔ جس میں دنیا بھر کے مولویوں کو جمع کر لیا گیا —— انہوں نے جو تقریریں کیں ان تقریروں نے ہماری ساری محنت پر پانی پھیر دیا ہے میں نے اس کانفرنس کی کیسٹیں بطور خاص منگوا کر سنیں، آپ یقین جانیں کہ کئی دن سے سو نہیں سکا۔ سونے کے ارادے سے پلنگ پر بیٹھتا ہوں تو وہ تقریریں میرے کانوں میں گونجنے لگتی ہیں۔ مسلسل جاگنے کی وجہ سے بہت سے عارضات اور بیماریاں لاحق ہو چکی ہیں —— اب میں نے خواب آور گولیوں کا استعمال بھی شروع کر دیا ہے کئی انجکشن بھی لگوا چکا ہوں لیکن حالت یہ ہے کہ ایک رات میں انجکشن لگوا کر اور گولیاں کھا کر سو گیا۔ خواب میں کیا دیکھتا ہوں کہ ایک چھوٹی سی ندی بہہ رہی ہے۔ میں اس کے کنارے پر بیٹھا ہوں، کہ مجھے کچھ شور سا سنائی دیا —— آوازیں صاف سنائی دے رہی تھیں کہ پکڑو پکڑو، جانے نہ دو۔ میں نے اپنی تمام توجہ اس شور کی طرف کی ہوئی تھی کہ اتنے میں کسی نے زور سے میرے سینے پر مکہ دے مارا میری آنکھ کھلی تو میرا اپنا ہاتھ مکا بنا ہوا میرے سینے پر رکھا تھا اور جسم میں پانی کی نالی بہتا تھا وہ خوف اور ڈر کے مارے نکلا ہوا میرا اپنا ہی پسینہ تھا۔

(پھر کیا ہوا؟ آئندہ شمارے میں دیکھئے)

نماز کا اہتمام

محمد اقبال حیدر آباد

حدیث شریف میں آیا ہے جو شخص نماز کا اہتمام کرتا ہے حق تعالیٰ شانہ، پانچ طرح اس کا اکرام و اعزاز فرماتے ہیں (۱) یہ کہ اس سے رزق کی تنگی ہٹا دی جاتی ہے (۲) یہ کہ اس سے عذاب قبر ہٹا دیا جاتا ہے (۳) یہ کہ قیامت کے دن اس کا اعمال نامہ دائیں ہاتھ میں دیا جائے گا جسے وہ نہایت ہی خوش ہو کر ہر شخص کو دکھاتا پھرے گا (۴) یہ کہ پل صراط سے بجلی کی طرح گزر جائے گا (۵) یہ کہ حساب سے محفوظ رہے گا۔

نماز نہ پڑھنا بہت بڑا گناہ ہے جو لوگ نماز میں سستی کرتے ہیں یا نماز چھوڑ دیتے ہیں ان پر چودہ طریقوں سے عذاب ہو گا۔ پانچ طرح سے دنیا میں، تین طرح سے موت کے وقت، تین طرح سے قبر میں اور تین طرح سے قبر سے اٹھائے جانے کے بعد

دنیا کے پانچ عذاب یہ ہیں۔ (۱) اس کی زندگی میں برکت نہیں رہتی (۲) صلحاء کا نور اس کے چہرے سے ہٹا دیا جاتا ہے (۳) اس کے نیک کاموں کا اجر ہٹا دیا جاتا ہے (۴) دعائیں قبول نہیں ہوتیں (۵) یہ کہ نیک بندوں کی دعاؤں میں اس کا حق نہیں رہتا۔

موت کے وقت تین عذاب یہ ہیں (۱) ذلت سے مرتا ہے (۲) بھوکا مرتا ہے (۳) پیاسا مرتا ہے موت کے وقت پیاس اس قدر شدید ہو جاتی ہے اگر سمندر بھی پی جائے تو پیاس نہ بجھے۔

قبر کے عذاب یہ تین ہیں (۱) اس پر قبر اتنی تنگ ہو جاتی ہے کہ پسلیاں ایک دوسرے میں گھس جاتی ہیں (۲) قبر میں آگ جلا دی جاتی ہے جو قیامت تک جلتی رہے گی۔ (۳) ایک سانپ اسی شکل کا مسلط کر دیا جاتا ہے۔ جس کی آنکھیں آگ کی ہوں گی اور ناخن لوہے کے اتنے لمبے (طویل) کہ اگر آدمی پورا دن چلتا رہے تو ان کے آخر تک پہنچے۔ اس کی آواز بجلی کی کڑک جیسی ہوگی۔ وہ سانپ انسان سے کہے گا کہ مجھے میرے رب نے تجھ پر مسلط کیا ہے کہ تجھے صبح کی نماز ضائع کرنے پر آفتاب نکلنے تک مارے جاؤں۔ ظہر کی نماز ضائع کرنے کی وجہ سے عصر تک مارے جاؤں عصر کی نماز ضائع کرنے پر مغرب تک مارے جاؤں۔ مغرب کی نماز ضائع کرنے کی وجہ سے عشاء تک مارتا جاؤں اور عشاء کی نماز ضائع کرنے کی وجہ سے صبح تک مارتا جاؤں جب وہ سانپ ایک بار اس کو مارتا ہے تو اس کی وجہ سے ستر ہاتھ زمین میں دھنس جاتا ہے اسی طرح قیامت تک اس کو عذاب ہوتا رہے گا۔

قبر سے اٹھائے جانے کے بعد بے نمازی کو یہ تین عذاب ہوں گے۔ (۱) حساب سختی سے لیا جائے گا (۲) حق تعالیٰ شانہ کا اس پر غصہ ہو گا۔ (۳) جہنم میں داخل کیا جائے گا

ایک دفعہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس کی ایک نماز جاتی رہی۔ اس کا اس قدر نقصان ہوا جیسا کہ اس کے بال بچے اور سارا مال و دولت چھین جانے کی وجہ سے نقصان ہوتا ہے۔ آپ نے مزید فرمایا کہ بے نمازی کا اسلام میں کوئی حصہ نہیں

ختم نبوت زندہ باد

ترتیب: منظور احمد الحسینی

آپ کے مسائل

حضرت مولانا محمد یوسف لدھیانوی مدظلہ

مملوکہ زمین کا مسئلہ

منظور احمد بیگ، ٹنڈوآدم۔

س: ۱۹۴۷ء کے بعد جب ہم پاکستان آئے تو مجھے کلیم میں یہاں ٹنڈوآدم کی ایک مسجد کے متصل دو منزلہ مکان ملا۔ جس کی اونچائی ۲۸ فٹ ہے۔ اب یہ مکان بوسیدہ ہو گیا ہے اس لیے میں اس کو گرا کر از سر نو نقشہ کے تحت تعمیر کرانا چاہتا ہوں اور اب اس کی اونچائی بجائے ۲۸ فٹ کے ۲۱ فٹ مزید بڑھا کر ۴۹ فٹ کرنا چاہتا ہوں۔ مسجد کی انتظامیہ بلاوجہ اس میں رکاوٹ ڈال رہی ہے۔ ان کا یہ کہنا ہے کہ ہوا بند ہو جائے گی۔ حالانکہ ہوا بند ہونے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ براہ مہربانی یہ بتائیں کہ اس قسم کے اعتراضات جو بلا جواز ہوں۔ عند الشرع کہاں تک درست ہیں۔ آیا کسی مسجد کی انتظامیہ کو یہ حق پہنچتا ہے کہ مسجد کے متصل مکان کی تعمیر میں رکاوٹ ڈالیں نیز پھر مسجد کی انتظامیہ کا یہ بھی مطالبہ ہے کہ تم اپنے مکان میں سے ۳ فٹ جگہ مسجد میں دیدو تو ہم اپنا اعتراض واپس لے لیں گے۔

ج: یہ سوال ایسا ہے کہ اس کے جواب کی ضرورت نہیں آپ کا اپنی ملکیت میں جائز تصرف ہے جس سے مسجد اور نمازیوں کو کوئی ضرر نہ ہو، بلاشبہ جائز ہے۔ اور آپ سے آپ کی مملوکہ زمین کا کوئی حصہ مسجد کے لیے زبردستی بھی نہیں لیا جا سکتا۔ باقی آپ بھی مسلمان ہیں اور مسجد بھی اللہ تعالیٰ کا گھر ہے۔ آپ اپنی خوشی سے اللہ کے گھر کی کوئی خدمت کریں گے اس کا صلہ آپ کو اللہ تعالیٰ جنت میں عطا فرمائیں گے۔ مسجد کے معاملے مسلمانوں کے درمیان ایسا تنازع اچھا نہیں لگتا۔ واللہ اعلم

قادیانی کی دعوت کھانا

محمد انور، بنی سر روڈ سندھ

س: قادیانی کی دعوت کھانے سے نکاح ٹوٹتا ہے یا نہیں نیز ایسے آدمی کے لیے حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی شفاعت نصیب ہو سکتی ہے یا نہیں؟

ج: اگر کسی قادیانی کو کافر سمجھ کر اس کی دعوت کھاتا ہے تو گناہ بھی ہے اور بے غیرتی بھی، مگر کفر نہیں۔ جو شخص حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے دشمنوں سے دوستی رکھے اس کو سوچنا چاہیے کہ روز قیامت حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو کیا منہ دکھائے گا۔

س: کوئی شخص قادیانی گھرانے میں رشتہ یہ سمجھ کر کرتا ہے کہ وہ ہم سے بہتر مسلمان ہیں۔ اسلام میں ایسے شخص کے لیے کیا حکم ہے۔ تفصیل سے جواب دیں۔

ج: جو قادیانیوں کے عقائد سے واقف ہو، اس کے باوجود ان کو مسلمان سمجھے تو ایسا شخص خود مرتد ہے کہ کفر کو اسلام سمجھتا ہے۔

رمضان کے فدیے کا مسئلہ

اسلم اصغر، سعودی عرب۔

س: میری بیوی نے رمضان سے ایک ہفتہ قبل جڑواں بچوں کو جنم دیا۔ اس نے چلہ نہانا ہے۔ دس جون کو غالباً پہ روزے نہ رکھ سکی۔ اب بتائیے کہ اگر وہ بعد میں قضا روزے نہ رکھے، سستی کرے یا نہ رکھنا چاہے یا بچوں کو دودھ پلانے کے چکر میں معذوری کا اظہار کرے تو کیا وہ روزے کا فدیہ دے سکتی ہے۔

ج: فدیہ دینے کی اجازت صرف اس شخص کو ہے جو بیماری یا بڑھاپے کی وجہ سے روزہ نہ رکھ سکتا ہو۔ اور نہ آئندہ پوری زندگی میں یہ توقع ہو کہ وہ روزہ رکھنے پر قادر ہوگا۔ آپ کی اہلیہ پر لازم ہے کہ ان روزوں کی قضا کریں۔ خواہ سردیوں کے موسم میں رکھیں۔ فدیہ دینا ان کے لیے جائز نہیں۔

جنات اور عذاب و ثواب

قاضی عبدالحمید، حیدرآباد۔

س: کچھ لوگ کرایہ پر فلم دیتے ہیں اور شادی کے موقع پر دیگر افراد کی فلم بناتے ہیں کیا ایسی کمائی حلال ہے؟

ج: فلم سازی حرام ہے اور اس کی آمدنی بھی حرام ہے

س: عشاء کی نماز بحالت مجبوری اگر کوئی کام ہو تو مغرب سے ایک یا آدھ گھنٹہ بعد ادا کی جا سکتی ہے کوئی حرج تو نہیں

ج: مغرب کے آدھ گھنٹہ بعد تو وقت نہیں ہوتا اور وقت سے پہلے نماز جائز نہیں یعنی نماز ادا نہ ہوگی۔

س: مرغی کا انڈہ کھانا حلال ہے یا مکروہ، لوگ کہتے ہیں کہ انڈہ مرغی کا اور دیگر حلال جانوروں کا بھی نہیں کھانا چاہیے کیونکہ کسی شرعی کتاب میں انڈہ کھانے کے بارے میں نہیں لکھا ہے۔

ج: کسی حیوان کے انڈے کا وہی حکم ہے جو اس جاندار کا ہے۔ حلال جاندار کا انڈہ حلال اور حرام کا حرام۔

س: کیا انسان میں روح اور جان ایک ہی چیز ہے یا روح علیحدہ اور جان علیحدہ چیز ہے۔ کیا جانوروں کے ساتھ بھی یہی چیز ہے۔ جب انسان دوبارہ زندہ کیا جائے گا تو کیا جان اور روح دوبارہ ڈالی جائے گی۔

ج: روح اور جان ایک ہی چیز ہے، روح کے بدن سے الگ ہونے کا نام موت ہے جب زندہ کیا جائے گا تو دوبارہ روح ڈالی جائے گی۔

بزم ختم نبوت

اہل مردان کو مبارکباد

میں دھورو نارو ضلع تھرپارکر سندھ سے بزم ختم نبوۃ میں پہلی بار شرکت کر رہا ہوں۔ ویسے تو ۲،۳ ماہ سے پیارے رنگ برنگے رسالے کو باقاعدہ پڑھ رہا ہوں، اور آپ سب کو اس عظیم جہاد پر مبارکباد دیتا ہوں۔ اللہ کے فضل و کرم سے ہمارے شہر میں اب تک کوئی قادیانی مرتد زندیق نہیں ہے لٹریچر اور رسائل کی مدد سے لوگوں کو ان بین الاقوامی یہود پرست شیطانوں کے متعلق آگاہ کرتا رہتا ہوں اور اللہ رب العزت سے دعا ہے کہ سب مسلمان بھائی اس فتنہ سے آگاہ ہوں اور اس عظیم جہاد میں شریک ہوں۔ اہل مردان کو میری طرف سے مبارکباد پیش کر دیجئے۔ جنہوں نے مرزائیوں کو تہس نہس کر کے ختم نبوت کے مشن کو پورا کرنے میں اہم کردار ادا کیا۔ (خورشید انور قریشی، دھورو نارو ضلع تھرپارکر)

مردان میں مسلمانوں کی فتح

گزشتہ سال ۷، جولائی ۸۵ء کو گنج مردان کے مشہور قادیانی خاندان کے خلاف تھانہ اے ڈویژن میں کلمہ طیبہ کی توہین کرنے اور صدارتی آرڈیننس کی خلاف ورزی پر دفعہ ۲۹۵۔ اے اور ۲۹۸۔ سی کے تحت مقدمات درج کیے گئے۔ اسی خاندان کے دو قادیانیوں شبیر احمد اور جاوید احمد پسران شیخ نذیر احمد کے خلاف مقدمات درج کیے گئے۔ پولیس نے ان کی دکانوں پر چھاپہ مار کر ان سے کلمہ طیبہ، درود شریف اور قرآن کریم کی آیتوں کو اپنی تحویل میں لے لیا۔ اور عدالت سب ڈویژنل مجسٹریٹ مردان میں باضابطہ کارروائی کی سماعت کے لیے پیش کیا۔ تقریباً ایک سال دو مہینے تک مقدمے کی سماعت جاری رہی۔ اسی دوران قادیانی وکلاء کے علاوہ دو نام نہاد مسلمان وکلا اسرار اور مشتاق احمد نے قادیانیوں کی حمایت کرتے ہوئے بحث میں حصہ لیا۔ جبکہ مسلمانوں کی طرف سے جناب خالد محمود، خان، جناب حبیب الرحمٰن خان، جناب محمد اقبال خان اور جناب سردار خان اینڈ کمپنی نے بحث میں حصہ لیا۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے اراکین ختم نبوت ہر تاریخ میں پیش ہوتے دیگر مسلمانوں نے بھی اس میں بھرپور حصہ لیا۔ ۷ ستمبر ۸۶ء کو سب ڈویژنل مجسٹریٹ مردان جناب حاجی شاہ حسین خان آفریدی نے تاریخی فیصلہ سنا کر پاکستان کے قانون کا مکمل احترام کرتے ہوئے دفعہ ۲۹۵۔ اے اور ۲۹۸۔ سی کے تحت بالترتیب دو سال قید دس ہزار روپیہ جرمانہ، تین سال قید پندرہ ہزار جرمانہ کی سزا دے کر جیل بھیج دیا ہے۔

(حافظ حسین احمد ناظم اعلیٰ مجلس ضلع مردان)

ذمہ دار کون ہوگا؟

ہفت روزہ ختم نبوت کا مطالعہ کرتے ہوئے ایک طرف اس خبر پر نظر پڑی جس میں قاری سعید احمد کو قتل کی دھمکی دی گئی اور پھر فائرنگ بھی کی۔ حکومت مولانا محمد اسلم قریشی کے مقدمہ قتل کو مسلسل نظر انداز کر رہی ہے۔ اور قادیانیوں کو بدمعاشی کی کھلی چھٹی دی ہوئی ہے۔ کل دن اگر کسی کو نقصان پہنچا تو کون ذمہ دار ہوگا۔ (رخسانہ انجم، مانسہرہ)

مجھے ایک خبر کا انتظار ہے

ہر ہفتے ”ختم نبوت“ باقاعدگی سے پڑھ رہا ہوں۔ ایک خبر کا سخت انتظار ہے۔ پاکستان کے وزیر اعظم (؟) محمد خان جونیجو نے مجلس تحفظ ختم نبوت کے وفد سے وعدہ کیا تھا کہ مولانا اسلم قریشی کیس کی تفتیش چار ماہ میں مکمل کرلی جائے گی۔ میں انتظار میں ہوں کہ وہ چار ماہ کب ختم ہوتے ہیں۔ لیکن جونیجو صاحب ضیاء الحق کے وزیر اعظم ہیں۔ وہ قوم سے ۹۰ دن کی مہلت طلب کرتے ہوئے آئے اور نو سال گزرنے کے باوجود مسلط ہیں۔ اس ملک میں حکمرانوں کو ربوہ کا نام ”صدیق آباد“ رکھنا ناگوار گزر رہا ہے۔ اسلم قریشی کے مقدمہ کی تفتیش ”غت ربود“ ہو گئی ہے۔ کاش اسلم قریشی، ضیاء الحق، جونیجو یا پیر پگاڑا صاحبان کا رشتہ دار ہوتا تو یقیناً اس مقدمہ کے مجرم آج کیفر کردار کو پہنچ چکے ہوتے۔ مگر وہ تو سید انس و جاں صلی اللہ علیہ وسلم کا خادم تھا، وہ تو اس دور کا علم الدین تھا، وہ تو ہم جیسے لوگوں کے لیے ایک مینارہ نور تھا، اس نے تحریک ختم نبوت میں ایک باب کا اضافہ کیا ہے۔ دیوانوں کو ہدیہ جاں نذر کرنے کا ایک نرالا طریقہ سکھایا ایک۔

شیطان اور چیلے کا مکالمہ —— ایک وضاحت

قادیانیوں میں شرافت نام کی کوئی چیز نہیں اسی لیے مرزا قادیانی سے لیکر لاہور کے ایڈیٹر ثاقب زیروی تک کی زبان غلاظت میں لتھڑی نظر آتی ہے —— گزشتہ ایک اشاعت میں اس نے علماء سرحد کو غنڈہ کہا —— ذیل کی تحریر دراصل اس کا جواب ہے —— قادیانیت شیطان کا بچھایا ہوا ایک جال ہے۔ آج کل اس کا مہرہ خلیفہ یا نائب مرزا طاہر ہے۔ گرو اور چیلے کے درمیان جو راز و نیاز کی باتیں ہوتی ہوں گی، اس گفتگو کی ہلکی سی جھلک ذیل میں پیش کی گئی ہے ملاحظہ فرمایئے۔ یہ اس سلسلہ کی پہلی قسط ہے۔

راہ دکھائی ہے۔ اب قادیانی اپنے مرزا طاہر اور مرزا ایم ایم احمد اور مرزا عبدالسلام کی خیر منا رہے ہیں۔ یہاں انشاء اللہ ہزاروں اسلم قریشی زندہ ہیں۔ (سید محمد یحییٰ بھاتی، قصور)

رسالہ اپنی مثال آپ ہے

ہفت روزہ ختم نبوت باقاعدگی سے مل رہا ہے۔ انشاء اللہ کوشش کر رہے ہیں کہ اس مبارک رسالہ کو زیادہ سے زیادہ پھیلائیں۔ دعا کریں کہ اس کوشش میں کامیاب رہیں، رسالہ کو اس قدر خوبصورت بنانے پر ہماری طرف سے مبارکباد قبول فرمائیں۔ آج دنیا میں قادیانیت اور اس کی کارستانیوں کا کامیاب تعاقب اور مقابلہ کرنے میں یہ رسالہ اپنی مثال آپ ہے۔

(حافظ نیاز احمد میمن، حافظ گل محمد میمن، حافظ عبدالرحیم میمن اوڈ سندھ)

مرزائیت کے چھکے چھڑا دیئے

ہماری طرف سے آپ مبارکباد کے مستحق ہیں کہ آپ نے رسالہ ختم نبوت شائع کر کے تمام دنیا کی مرزائیت کے چھکے چھڑا دیئے۔ دشمنان ختم نبوت کی سازشوں کو بے نقاب کیا۔ ہمیں ہر وقت رسالہ کا انتظار رہتا ہے۔

(حافظ مظفر احمد، گاؤں عثمن ایبٹ آباد)

ایں سعادت بزور بازو نیست

جریدہ ختم نبوت پڑھا تو دل خوش ہوا۔ الحمد اللہ کہ رب العزت نے اس فتنہ دجل (مرزائیت) کے لیے آپ حضرات کو سد باب بنا دیا، اللہ رب العزت آپ حضرات سے کام لے رہے ہیں۔

ایں سعادت بزور بازو نیست
تانہ بخشد خدائے بخشندہ!

ہم مسلمان قوم وہ تھے کہ ہمارے نام سے ہی کفر و ارتداد کے ایوانوں میں لرزہ برپا ہو جاتا تھا۔

زمانہ بڑے شوق سے سن رہا تھا
ہم ہی سو گئے داستاں کہتے کہتے

آج اس دجل عظیم (مرزائیت) نے ہم پاکستانیوں کو ہی نشانہ بنا لیا ہے۔ حالانکہ ہمارے آباؤ اجداد نے مسیلمہ کذاب، اسود عنسی، سجاح وغیرہ جیسے سخت ترین فتنوں کو عروج سے قبل ہی نیست و نابود کر دیا تھا۔ میں ذاتی طور پر سمجھتا ہوں کہ اس کی سب سے زیادہ ذمہ دار حکومت ہے کہ وہ اس فتنہ ارتداد کو صحیح معنوں یا تو سمجھ ہی نہیں سکی یا جان بوجھ کر اسے ڈھیل دے رہی ہیں۔ اس فتنہ و فساد کے خلاف اللہ عزوجل نے آپ حضرات کو کھڑا کر دیا ہے، تو آپ پر شکر واجب ہے آپ لوگوں سے بے نیاز ہو کر کام کیجئے۔ اللہ رب العزت آپ کی مدد فرمائیں گے، انشاء اللہ۔

(ڈاکٹر محمد شفیق گوٹھ ناصر خان کراچی)

پرانے احرار ساتھی کا قائد آباد سے درد بھرا مکتوب گرامی

مستری علی محمد صاحب کا قائد آباد خوشاب سے موصول مکتوب گرامی نامہ

مکرمت جناب حافظ محمد حنیف صاحب ندیم

السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہ! امید ہے بخیریت ہوں گے بندہ عاجز بھی گوشہ نشینی زندگی گزار رہا ہے، تمام ساتھی اللہ کو پیارے ہو گئے الا ماشاء اللہ، پیر و مرشد سید عطاء اللہ شاہ صاحب بخاری رحمتہ اللہ علیہ اور مجلس احرار کا دور یاد آتا ہے تو اس وقت کا کوئی ساتھی نظر نہیں آ رہا۔ جب میرے محسن بزرگوار حضرت مولانا غلام غوث صاحب ہزاروی یاد آتے ہیں تو دل بہت اداس ہو جاتا ہے۔ حضرت مولانا محمد علی صاحب جالندھری، حضرت مفتی محمود، شیخ گل بادشاہ، شورش کاشمیری، مولانا محمود صاحب، مولانا گل شیر صاحب، حضرت مولانا احمد علی صاحب لاہوری، مولانا عبیداللہ انور، ماسٹر تاج الدین انصاری، حضرت مولانا لال حسین اختر، مولانا قاضی احسان احمد شجاع آبادی، مولانا مفتی محمد شفیع صاحب سرگودھوی وغیرہ یہ سب بزرگ ہم سے جدا ہو گئے، دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ آپ کا اور میرا اور مسلمانان عالم کا خاتمہ بالخیر کرے۔ ایسے دور میں جو لوگ ختم نبوت کا کام کر رہے ہیں وہ بہت ہی مبارکباد کے مستحق ہیں بالخصوص مولانا محمد اکرم صاحب طوفانی مبلغ ختم نبوت سرگودھا مبارکباد کے مستحق ہیں۔ ختم نبوت ملا۔ پڑھ کر بہت خوش ہوا ہوں اس رسالہ کو جتنا بھی خراج تحسین پیش کیا جائے کم ہے۔ ایک دفعہ پڑھنے سے دل کرتا ہے کہ بار بار پڑھوں، اس کا ہر مضمون دل چاہتا ہے کہ پڑھتا ہی رہے اللہ تعالیٰ ہفت روزہ ختم نبوت کو زیادہ سے زیادہ شرف قبولیت عطا فرمائے، نہ اس کے ظاہری حسن میں کمی ہے نہ باطنی میں۔ اللہ تعالیٰ ہمارے موجودہ بزرگوں کو اجر عظیم عطا فرمائے۔ جو حضرت شاہ صاحب کے مشن کو چلا رہے ہیں شبانہ روز بھاگ دوڑ اور بزرگوں کی دعاؤں سے تحریک تحفظ ختم نبوت نے جو عالمگیر شہرت حاصل کی ہے۔ اس کے نتائج سامنے آ رہے ہیں۔ یہ اس صدی کی اہم اسلامی خدمت ہے اللہ تعالیٰ کریم سے دعا ہے احباب کے حوصلے بلند کرے اور توانائی عطا فرمائے آمین

(مستری علی محمد ناظم اعلیٰ مجلس تحفظ ختم نبوۃ قائد آباد ضلع خوشاب)

ملک منظور الٰہی اعوان بنام صدر ضیاء الحق

جناب جنرل محمد ضیاء الحق صاحب، صدر پاکستان، اسلام آباد

کافر انگریزوں کی کاز اور غاصبانہ حکومت میں جو اسلام قرآنی جہاد، اور مسلمانوں کی بدترین دشمن تھی، جس نے قادیانی نبی کو جنم دیا۔ قادیانی مرتدوں کو کسی اسلم قریشی کو اغوا یا قتل کرنے کی ہمت اور جرأت نہ ہوئی۔ مگر یہ کیسا دردناک اور عظیم مذہبی المیہ ہے۔ کہ اسلام کے نام پر بنائے ہوئے ملک پاکستان میں جنرل ضیاء کی اسلامی حکومت کے دور میں جو اسلام کا ہر وقت وظیفہ پڑھتی ہے۔ مولانا محمد اسلم قریشی مبلغ ختم نبوت سیالکوٹ کو قادیانی کمانڈوز نے دن دہاڑے اغوا اور قتل کر دیا۔ اور جنرل ضیاء کی غیرت ایمانی اور حمیت اسلامی کو کیا ہوا کہ پورے ۳ سال سے زیادہ عرصہ میں مولانا محمد اسلم قریشی کے قادیانی قاتل کمانڈوز کو اب تک پھانسی تو کجا گرفتار بھی نہیں کیا گیا۔

(ملک منظور الٰہی، سیالکوٹ)

آپ کا رسالہ تحفظ ختم نبوت کے لیے جو کام کر رہا ہے اس کی نظیر نہیں ملتی۔ میں ہفت روزہ کا مستقل خریدار ہوں۔ اللہ پاک آپ کو مزید ترقی سے نوازے۔

(محمد یوسف مدرسہ تعلیم القرآن، گوجرانوالہ)

آندھرا پردیش حیدرآباد دکن سے مولینا سید اکبر الدین قاسمی صاحب کا مکتوب گرامی

آپ کا معتوقر اور ایمان افروز پرچہ ختم نبوت برابر مل رہا ہے ۔ اور اسی سے دفتر مجلس علمیہ میں بہت سے حضرات مستفید ہو رہے ہیں ۔ یہ پرچہ آپ جس شان سے نکال رہے ہیں اس کے لیے آپ کو اور عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کو دلی دعائیں اور قلبی مبارکباد دیتا ہوں ۔ اللہ تعالیٰ آپ کی مساعی جمیلہ کو قبول فرمائے ۔ اور اس پرچہ کا فیض عام فرمائے ۔ اور اس کا پیغام قبولیت حاصل کرے ۔ جناب محترم محمد ولی الدین صاحب فاضل پنجاب جنہوں نے قادیانیت سے توبہ کی تھی اور ان کا توبہ نامہ بھی ختم نبوت میں شائع ہو چکا ہے ۔ انہوں نے ایک بہت ہی معیاری اور دندان شکن کتاب " ختم نبوت اور قادیانی وسوسے " کے نام سے مرتب کی ہے ۔ ہم عنقریب اس کو زیور طباعت سے آراستہ کر رہے ہیں ۔ ہندوستان میں قادیانیوں کے خلاف کام کرنے والوں میں مشہور مناظر اسلام حضرت مولانا سید محمد اسمٰعیل صاحب کٹکی امیر شریعت اڑیسہ ہیں ۔ وہ حیدرآباد تشریف لائے تھے ، مولانا موصوف نے محترم ولی الدین صاحب کی کتاب کا مطالعہ کیا اور تصحیح کی ، اور اس پر بہترین تقریظ بھی لکھی ہے ۔ مولانا محترم تقریباً دس دن تک قیام پذیر رہے ۔ جن مقامات پر قادیانی کچھ کوشش کرتے ہیں وہاں پر جلسۂ ختم نبوت کا انعقاد کیا گیا ، آندھرا پردیش میں ضلع ورنگل کے بعض دیہاتوں کو وہ لوگ نشانہ بنائے ہوئے ہیں بحمد اللہ مجلس علمیہ اور ورنگل کے ذمہ دار مسلمان وہاں جان توڑ کوشش کر کے قادیانیوں کا مقابلہ کر رہے ہیں ۔ مجلس علمیہ کے دفتر میں دو روزہ تربیتی کیمپ بھی لگایا گیا ۔ جس میں تقریباً پچاس علمائے کرام شریک ہوئے ۔ مولانا سید محمد اسمٰعیل کٹکی اور محترم ولی الدین صاحب نے سوالات و جوابات کی شکل میں حصہ لیا ۔ جس سے علمائے کرام کو بہت فائدہ پہنچا ۔ مجلس علمیہ آندھرا پردیش کی جانب سے حضرت مولانا کٹکی کی کتاب

" قادیانیوں کا اسلام " بھی شائع ہو رہی ہے ۔ ایک سفر پر جا رہا تھا ۔ سفر میں ساتھ ہی آپ کا پرچہ ختم نبوت تھا ، بے اختیار چند اشعار ادا ہو گئے جو آپ کی نذر ہیں ۔

دنیا کا مشہور جریدہ
ختم نبوت ہے رسالہ !
فیض ہے جس کا عالم سارا
سب سے اعلیٰ سب سے نرالا

روشن روشن ہے جس کی کتابت
معیاری ہے جس کی صحافت
ہے یہ محافظ آن نبی کا !
ذریعہ نبی کا شارح نبی کا !
عبد الرحمٰن یعقوب باوا
جن کی ادارت میں ہے یہ نکلا
ہے یہ پیام ختم نبوت
کفر ہے لوگو مرزائیت
محسن کی ہے دعا خدایا !
فیض ہو اس کا ہر سو چھایا !

(سید اکبر الدین قاسمی محسن ، حیدرآباد دکن)

دیگراں را نصیحت خود را فضیحت

مولینا منظور احمد الحسینی

مرزا قادیانی کا حرام مال سمیٹنے کا ایک انداز

مرزا قادیانی کے دو مریدوں میاں اللہ دین فلاسفر اور مولوی یار محمد کو قبرستان جا کر قبروں سے کپڑے اتارنے عادت ہو گئی تھی بلکہ مرید اوّل نے قبروں کے کپڑے بیچ کر کچھ روپیہ بھی جمع کر لیا بعد میں یہی حرام جمع شدہ روپیہ مرزا قادیانی کو اشاعت اسلام کے لیے دیدیا ، حوالہ ملاحظہ ہو :

" ڈاکٹر محمد اسمٰعیل صاحب نے مجھ سے بیان کیا کہ میاں اللہ دین فلاسفر اور پھر اس کے بعد مولوی یار محمد صاحب کو ایک زمانہ میں قبروں کے کپڑے اتار لینے کی وحشت ہو گئی تھی یہاں تک فلاسفر نے انہیں بیچ کر روپیہ بھی جمع کر لیا ...... حضرت صاحب (مرزا قادیانی) نے جب یہ سنا تو اس کام کو ناجائز فرمایا ، تب یہ لوگ باز آئے اور وہ روپیہ اشاعت اسلام (قادیانیت) میں دیدیا خاکسار (مرزا بشیر احمد پسر مرزا غلام احمد قادیانی) عرض کرتا ہے کہ اسلام نے نہ صرف ناجائز کاموں سے روکا ہے بلکہ جائز کاموں کے لیے ناجائز وسائل کے اختیار کرنے سے بھی روکا ہے "

(سیرت المہدی مرتبہ مرزا بشیر احمد قادیانی صـ ۲۶۲ ج ۳)

یہاں لطیفہ یہ ہے کہ مرزا غلام قادیانی صاحب اس کام کو ناجائز قرار دے رہے ہیں ۔ اور خود ہی اس کی آمدنی کو قبول بھی فرما رہے ہیں ۔ اس روایت پر مرتب کتاب مرزا قادیانی کے منجھلے لڑکے نے جو تبصرہ فرمایا ہے وہ اس سے بھی زیادہ کمال کا ہے ۔ کیا " خاکسار " نے اپنے والد مرزا قادیانی کو روکا کہ آپ جائز کام بلکہ اچھے کام " اشاعت اسلام کے لیے " ناجائز وسائل " نہیں بلکہ ناجائز روپیہ کیوں لے رہے ہیں ؟ اگر کہیں روکا ہو تو دکھائیں ہم ممنون ہوں گے مگر ایسا نہیں ہو گا ، سچ ہے جب مرزا قادیانی کو کنجری کی کمائی لینے سے عار محسوس نہ ہوئی ، اپنے دولا کی بخشی ہضم کرنے میں شرم نہ آئی تو یہاں کیسے آتی مثل مشہور ہے

" بے حیا باش و ہر چہ خواہی کن "

صدیق آباد ربوہ میں آل پاکستان تاریخی ختم نبوت کانفرنس

مولانا منظور احمد الحسینی

پانچویں کل پاکستان ختم نبوت کانفرنس بتاریخ ۱۶، ۱۷ اکتوبر ۸۶ء زیر اہتمام مسلم کالونی صدیق آباد (ربوہ) میں نہایت تزک و احتشام سے منعقد ہوئی۔ یوں تو ہر سال شمع ختم نبوت کے پروانے جوق در جوق ختم نبوت کانفرنس صدیق آباد تک پہنچتے ہیں اور آنحضرت ختمی مرتبت صلی اللہ علیہ وسلم کی خوشنودی حاصل کرتے ہیں۔ مگر اس سال کانفرنس کا رنگ ہی دوسرا تھا۔ لوگ پہلے سے زیادہ خصوصاً نوجوانوں کا طبقہ سب پر بازی لے گیا۔ صوبہ سرحد اور بلوچستان کے تمام شہروں سے کئی وفود پہنچے۔ پنجاب کے ہر شہر کے مسلمانوں نے بھاری مقدار میں شرکت کی۔ صوبہ سندھ سے بھی کافی تعداد میں علماء اور عوام تشریف لائے اس کے علاوہ کراچی، ٹنڈو آدم، نواب شاہ، حیدرآباد، ٹنڈو غلام علی، بکری، سکھر، ہنو عاقل اور دوسرے مقامات سے مختلف وفود آئے۔ ختم نبوت کانفرنس کی کارروائی کا آغاز ۱۶ اکتوبر ۸۶ء ۱۰ بجے قبل از ظہر ہوا۔ پہلے اجلاس کی صدارت مولانا احمد حسین شاکری نے کی۔ افتتاحی خطاب خطیب ربوہ حضرت مولانا خدا بخش کا ہوا۔ مولانا نے تقریر کرتے ہوئے کہا کہ میں ملک بھر سے آنے والے شمع ختم نبوت کے پروانوں کو خوش آمدید کہتا ہوں۔ مرزا طاہر اور اس کی جماعت سن لے کہ ان کو امن نہ برطانیہ میں مل سکتا ہے نہ روس نہ امریکہ میں اگر تم امن کے طالب ہو تو مرزا قادیانی پر دو حرف بھیج کر دامن محمدی سے وابستہ ہو جاؤ۔ انہوں نے کہا کہ ایک وقت تھا کہ یہاں مسلمان آباد نہیں ہو سکتے تھے۔ سوائے مرزا قادیانی کی جھوٹی نبوت کے اور کوئی بات نہیں ہو سکتی تھی۔ الحمد للہ عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کی وجہ سے انہی کے شہر میں ختم نبوۃ کا پرچم بلند ہے اور مرزا قادیانی کی جھوٹی نبوت کے پرخچے اڑائے جا رہے ہیں۔ کوئٹہ بلوچستان کے مبلغ مولانا نذیر احمد تونسوی نے کہا کہ مرزا محمود نے کہا تھا کہ بلوچستان پر قبضہ کرو کیونکہ یہ چھوٹا صوبہ ہے۔ مگر وہاں کے مسلمانوں نے غیرت ایمانی کی قسم کھائی، مولانا شمس الدین شہید نے وہاں تحریک چلائی اور قادیانیوں کے وہاں سے پاؤں اکھیڑ دیے۔ یہی وجہ ہے کہ ان کے شہر ژوب میں قادیانی داخل نہیں ہو سکتے۔ عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے ناظم تبلیغ مولانا عبدالرحیم اشعر نے کہا کہ ہم قادیانیوں کو بار بار اسلام کی دعوت دے چکے اب پھر دعوت دیتے ہیں اگر وہ مسلمان ہو جائیں تو ہم انہیں سینے سے لگانے کے لیے تیار ہیں۔ مشہور عالم دین خطیب شاہی مسجد چنیوٹ مولانا محمد حسین چنیوٹی نے کہا نبی جسمانی خوبصورت ہوتا ہے، تمام انبیاء خوبصورت تھے۔ مگر مرزا قادیانی تمام اخلاق رذیلہ میں مبتلا ہونے کے علاوہ جسمانی طور پر عیب دار تھا۔ اور ہر قسم کے امراض میں مبتلا تھا۔ لہٰذا یہ بھی اس کے جھوٹے ہونے کی دلیل مستقل ہے۔ مذکورہ تقریروں کے علاوہ مولانا صاحب احمد ربانی نے پہلے اجلاس سے خطاب کیا اور اہل حدیث مکتبۂ فکر کے دو علماء یعنی مولانا عبدالرشید ارشد، فیصل آباد اور مولانا محمد یوسف انور نے بھی خطاب کیا۔

عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے زیر اہتمام بخاری مسجد صدیق آباد (ربوہ) میں کل پاکستان ختم نبوت کانفرنس کا دوسرا اجلاس نماز ظہر کے فوراً بعد شروع ہوا۔ اجلاس کی صدارت مولانا غلام حبیب نے کی۔

عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے مرکزی مبلغ مولانا قاضی اللہ یار نے خطاب کرتے ہوئے کہا مرتد کی سزا قتل قرآن حدیث اور اجماع امت سے ثابت ہے۔

مولانا محمد عبداللہ خالد مانسہرہ نے کہا کہ مرزائیت کو قانون کے ذریعہ ختم کرنا حکومت کی ذمہ داری ہے۔ آج سب سے بڑی برائی مرزائیت کا وجود ہے۔ لہٰذا اس پر قابو پانا حکومت کی ذمہ داری ہے۔ آزاد قبائل مہمند علاقے کے جوشیلے نوجوان محمد سلیم نے کہا کہ ہمارے لیے سب سے بڑا مسئلہ قادیانی نواز لوگوں کا ہے۔ ان کا محاسبہ سب سے پہلے کرنا چاہیے۔

آپ کے بعد دعوت خطاب مردان کے مجاہد اور غازی نوجوان عالم دین مولانا محمد یونس کو دی گئی۔ آپ نعروں کی گونج میں اسٹیج پر آئے۔ آپ نے پشتو میں تقریر کرتے ہوئے کہا کہ ہم عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے قائدین اور تمام مسلمانوں کو سلام عرض کرتے ہیں۔ ہم پہلی مرتبہ ان مرتدوں کے شہر میں آئے ہیں۔ اور ہم یہ شوق لے کر آئے ہیں کہ عقیدہ ختم نبوت کی خاطر آج اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کریں گے۔ موت دو قسم کی ہوتی ہے ایک موت محمود اور ایک مردود۔ موت محمود یہ ہے کہ ناموس رسالت صلی اللہ علیہ وسلم کے تحفظ کے لیے اپنی جان قربان کرنا۔ آپ نے کہا کہ یاد رکھو مسلمان موت سے نہیں ڈرتا۔ ہم بحمدہ تعالیٰ مسلمان ہیں موت سے ڈرنا ہمارا شیوہ نہیں ہے۔ آپ نے کہا کہ قرآن پاک میں ۶۶۶۶ آیتیں ہیں۔ جو حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل ہوئی ہیں۔ اگر ان میں سے ایک آیت کا بھی کوئی انکار کر دے تو وہ کافر ہو جاتا ہے۔ اور قادیانیوں نے تو پورے قرآن پاک کا انکار کر دیا ہے۔

انہوں نے زور دے کر کہا کہ ہم انشاء اللہ اسلم قریشی کے خون کا بدلہ لے کر رہیں گے۔ آج اکابر علمائے کرام خصوصاً مولانا نانوتویؒ، مولانا گنگوہیؒ، مولانا کشمیریؒ اور حضرت مولانا سید عطاء اللہ شاہ بخاریؒ کی ارواح ہم سے راضی ہیں۔

ہم اہل مردان حضرت امیر مرکزیہ مولانا خان محمد صاحب دامت برکاتہم کے بہت مشکور ہیں کہ نوجوانوں کی حوصلہ افزائی کے لیے آپ بنفس نفیس تشریف لائے اور سرپرستی سے نوازا۔ ہم حضرت الامیر کو یقین دلاتے ہیں کہ ہم اسی وقت ختم نبوت پر قربان ہونے کے لیے تیار ہیں۔ اور آپ کے حکم کے منتظر ہیں۔ انہوں نے حکمرانوں سے کہا کہ دوغلی پالیسی سے باز آجاؤ۔ آپ نے قادیانی نوازوں کو خبردار کرتے ہوئے کہا کہ وہ قادیانیت نوازی سے باز آجائیں ورنہ ان کا سخت محاسبہ کیا جائے گا۔ آپ نے کہا کہ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے دشمن کے دوست ہمارے دوست ہرگز نہیں ہو سکتے۔ آپ نے پرجوش انداز میں کہا مسلمانو آؤ اسلام اور ختم نبوت کی حفاظت کے لیے تن من دھن کی قربانی دیں آخر میں آپ نے مرزائیوں سے سوشل بائیکاٹ کا وعدہ لیا۔

حضرت مولانا عبدالقادر آزاد امام شاہی مسجد لاہور کا خطاب

جھوٹے نبی کی جھوٹی امت

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم اما بعد!

صدر محترم علماء کرام و دستو بزرگو بھائیو! سید دو عالم حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ایک مسلمان میں کمزوری گناہ اور برائی تو جمع ہو سکتی ہے لیکن جھوٹ نہیں ہو سکتا۔ ایک دل میں جھوٹ اور ایمان جمع نہیں ہو سکتے۔

مرزا غلام احمد کی پہچان تو آپ سنتے ہی آئے ہیں کہ مرزا صاحب نبوت کے دعاوی کئے اور جھوٹ در جھوٹ بول کر اپنے نامۂ اعمال کو سیاہ کیا۔ ان کی روایات کا ان کے جانشینوں نے بڑا خیال رکھا اور وہ بھی جھوٹ بولتے رہے۔ ابھی ان کے چوتھے سربراہ مرزا طاہر نے پچھلے سال ایک پریس ریلیز جاری کی جو پاکستان میں شائع ہوئی کہ ویمبلے کانفرنس سینٹر میں جو عالمی ختم نبوت کانفرنس ۱۹۸۵ء میں ہوئی اس میں بہت ہی کم لوگ جمع تھے۔ میں نے اپنی پریس کانفرنس میں ان کی خلافت نبوت اور اسلام کے خلاف اس جھوٹ کو بطور دلیل کے پیش کیا اور بتلایا کہ یہ لوگ کس طرح جھوٹ بول کر اپنا کام چلا رہے ہیں۔

میں اس وقت آپ کے سامنے چند چیزیں بتلانا چاہتا ہوں کہ جو قادیانی ہم پر الزام لگا کر اقوام عالم اور عدالتوں میں پاکستان کے خلاف اپنے مقدمے دائر کرتے ہیں۔ ایک پروپیگنڈہ یہ کیا جاتا ہے کہ پاکستان میں قادیانیوں کی جان و مال محفوظ نہیں مجھے اس پر غیر مسلم حکومتوں سے شکوہ ہے کہ ہم تو یعنی مسلمان تو تمہارے محسن ہیں۔ تمہارے پیغمبر کی ماں حضرت مریم کی عفت و عصمت پر کسی مسلمان کا ایمان نہ ہو وہ کافر مطلق ہے اور بقول حضرت مولانا سید سلیمان ندوی کے اللہ نے اہل اسلام عصمت مریم کے گواہ بنا کر عیسائی دنیا پر بہت بڑا احسان کیا تھا۔ یہودیوں نے بی بی مریم پر الزام لگایا جس طرح قادیانی نے لگایا۔

نیز قادیانیوں کا ہم پر یہ الزام ہے اور یہ الزام دنیا کے سامنے پیش کرتے ہیں لیکن مرزا طاہر بتلائیں کہ سکھر میں کس نے مسلمانوں کو مارا؟ ہم نے تمہارے علماء کو قتل کیا یا تم نے ہمارے علماء کو شہید کیا۔ ہمارے خلاف دنیا کی عدالتوں میں پیش ہوتے ہوئے تمہیں شرم محسوس نہیں ہوتی۔ کیا تم نے اپنے دامن پر خون کے دھبے نہیں دیکھے؟ کیا تمہارا ہاتھ بے گناہوں کے خون سے رنگین نہیں؟ تم خود ہی اپنے گھروں کو آگ لگاتے ہو اور الزام مسلمانوں پر لگاتے ہو۔ ابھی پچھلے دنوں چار قادیانی اس طرح کی حرکت کر چکے ہیں۔ واقعہ یوں ہوا کہ ایک جلسہ ختم نبوت کا جلوس نکل رہا تھا اس میں یہ چار شریک ہو گئے اور جب قریب کسی مکان سے گزرے جو کسی قادیانی کا تھا انہوں نے نعرے لگائے کہ جلاؤ کافروں کے مکان کو!

لندن کانفرنس

مرتبہ: محمد اقبال رنگونی

اور خود ہی آگ لگائی جب تھانہ میں ان کی تحقیق ہوئی تو وہ چاروں قادیانی نکلے۔ وہ اس لیے نکلے تھے کہ مسلمانوں کو بدنام کیا جائے پاکستان پر الزام لگایا جائے۔

حضرات! ان لوگوں نے صرف مسلمانوں کو بدنام کرنے کے لیے یہ ڈھونگ رچایا ہے اور معصوم بنے پھرتے ہیں۔ یہ جعلی نبوت کے ماننے والے نائیجیریا میں صاف طور پر اپنی عبادت گاہوں پر لا الٰہ الا اللہ احمد رسول اللہ لکھتے ہیں۔ ہم پاکستان میں اس کی اجازت کیوں دیں۔ پاکستان ایک نظریاتی اور اسلامی ملک ہے جہاں غیر اسلامی نظام نہیں چل سکتا۔ جہاں جعلی نبوت نہیں چل سکتی۔ ان لوگوں نے مسلمانوں اور اسلام کے خلاف اپنی اشتعال انگیزی جاری رکھی تھی تو مسلمانوں کو اپنے عقائد کے تحفظ کے لیے قوانین بنانے پڑے اگر آج یہ لوگ اپنے آپ کو ایک علیحدہ قوم تسلیم کر لیں۔ اسلام سے علیحدہ ہونے کا اعتراف کر لیں اور شعائر اسلامی سے تمسخر کرنا چھوڑ دیں تو ہم بھی ان کو کچھ نہ کہیں گے۔ لیکن جہاں یہ لوگ شعائر اسلامی سے مذاق کریں گے تو ظاہر ہے کہ دنیا کی کوئی حکومت ہو کوئی عدالت ہو وہ مجرم انہیں ہی کہے گی اس لیے کہ خود ہی انہوں نے زیادتیاں کی ہیں۔ اس لیے ہم قادیانی سربراہ سے کہیں گے کہ وہ مسلمانوں کو اشتعال انگیزی پر مجبور نہ کریں۔ قتل اغواء اور تخریب کاری کے ذریعہ ملک میں انتشار پھیلانے کی کوشش نہ کریں اگر وہ اپنی اس روش سے باز نہ آئے تو اس کا خمیازہ انہیں ہی بھگتنا ہوگا۔

(وما علینا الا البلاغ)

قادیانی غنڈوں کو عبرتناک سزا دی جائے۔

مجلس تحفظ ختم نبوت صدیق آباد (ربوہ) کے راہنما قاری شبیر احمد عثمانی نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ مولانا محمد اسلم قریشی مبلغ ختم نبوت کو اغوا ہوئے عرصہ دراز ہو گیا ہے۔ لیکن حکومت نے ان کے قاتلوں کو ابھی گرفتار نہیں کیا۔ انہوں نے حکومت کی بے حسی پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا نہ تو اسلام کی داعی حکومت نے ابھی تک مولانا محمد اسلم قریشی کے قاتلوں کو گرفتار کیا ہے اور نہ ہی ساہیوال اور سکھر کے قاتل مرزائیوں کو سزا دی ہے۔ قاری شبیر احمد عثمانی نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ مرکزی مجلس عمل تحفظ ختم نبوت کے تمام مطالبات کو فی الفور تسلیم کرتے ہوئے مولانا محمد اسلم قریشی کے سب سے بڑے قاتل مرزا طاہر قادیانی کو انٹرپول کے ذریعہ واپس لا کر تختہ دار پر لٹکایا جائے۔ ساہیوال اور سکھر کے قاتل مرزائیوں کو بھی فوری طور پر پھانسی دی جائے۔ قاری صاحب نے مطالبہ کیا ہے کہ مرتد کی شرعی سزا فوراً نافذ کی جائے۔

میاں عبدالمجید نقشبندی احراری وفات پا گئے

جلالپور پیروالا (پ ر) برصغیر کے عظیم روحانی پیشوا مولانا حافظ محمد موسیٰ صاحب نقشبندی کے چھوٹے بھائی امیر شریعت سید عطاء اللہ شاہ بخاری کے قدیمی رفیق مجلس احرار اسلام کے کارکن میاں عبدالمجید صاحب نقشبندی احرار انتقال کر گئے مرحوم نے تحریک ختم نبوت کے دوران دس ماہ جیل کاٹی، تحریک پاکستان اور تحریک ختم نبوت میں نمایاں کردار ادا کیا۔

شرم اُن کو مگر نہیں آتی!

زاہدہ پروین بنت عبید اللہ خان کراچی

مرزا غلام احمد قادیانی جو کہ اپنے چیلوں کے لیے گرو کی حیثیت رکھتا ہے۔ وہ چونکہ اس ملعون کی اندھی تقلید کر رہے ہیں، بہتر ہوگا کہ اس سلسلہ میں ان کی کچھ مدد کی جائے اس سے ان کا اعتقاد پختہ ہونے میں مدد ملے گی۔ مرزا قادیانی چونکہ جھوٹی نبوت کا دعویدار تھا اس لیے اسے ثابت کرنے کے لیے مرزا نے جو کچھ کیا اسے دیکھ کر تو شرافت بھی سر پیٹ لے۔ چونکہ مرزا الٹی سیدھی پیش گوئیاں کرنے میں ماہر تھا۔ اس لیے پہلے اس کی پیشگوئی کا حال سن لیں۔ امرتسر سے مولانا ثناء اللہ مرزا کے سخت مخالف تھے۔ ان کی مخالفت دیکھ کر مرزا قادیانی نے غصہ میں آکر یہ مکتوب لکھا:

"اگر میں ایسا ہی جھوٹا اور کذاب ہوں تو آپ کی زندگی میں ہی مر جاؤں کیونکہ کذاب زیادہ عرصہ نہیں جیتے لیکن اگر میں مسیح موعود کے دعوے میں سچا ہوں تو وہ سزا جو سزا کی طرف سے نازل ہوتی ہے مثلاً طاعون، ہیضہ وغیرہ آپ پر وارد نہ ہو تو میں خداتعالیٰ کی طرف سے نہیں"

(حیات طیبہ صہ ۲۲۳)

حقیقت یہ ہے کہ مولانا ثناء اللہ صاحب مرزا کے بعد عرصہ چالیس سال تک زندہ رہے، البتہ مرزا خود ہیضے سے مرا۔ اب آگے سنیے۔

"مرزا نے ۲۰ فروری ۱۸۸۶ء کو اعلان کیا کہ ان کے ہاں لڑکا ہوگا جس کا نام بشیر ہوگا مگر ایسا ہوا کہ لڑکی پیدا ہوئی تمسخر کی ایک لہر سی لوگوں میں اٹھی مگر مرزا نے فوراً پینترا بدلا اور کہا کہ وحی میں یہ اشارہ نہ تھا کہ اسی حمل سے لڑکا پیدا ہوگا"

(سیرت المہدی جلد اول صہ ۸۹)

لہٰذا اس اگست ۱۸۸۷ء میں لڑکا ہوا جس کے متعلق مرزا نے دعویٰ کیا تھا کہ وہ بہت بزرگ ہوگا، مگر وہ ایک سال بعد ہی مر گیا" (سیرت المہدی صہ ۸۸ ج ۱)

لوگوں نے مرزا کی طرف رجوع کرنا چھوڑ دیا مگر اس نے پمفلٹوں کے ذریعے انہیں قائل کرنے کی کوشش کی"

یہ تو مرزا کی پیشگوئیوں کا حال تھا اب آگے اس نے جس ڈھٹائی سے نبوت کا دعویٰ کیا اسے بھی ایک نظر دیکھ لیجئے۔ "کمالات متفرقہ جو تمام دیگر انبیاء میں پائے جاتے تھے وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں پائے جاتے تھے۔ اب وہ سارے کمالات ظلی طور پر ہم کو ملے ہیں۔ اس لیے ہمارا نام آدمؑ ابراہیمؑ، نوحؑ، موسیٰؑ، داؤد، عیسیٰ علیٰ نبینا والصلوٰۃ والسلام ہے۔" "پہلے تمام انبیاء ظل تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اور اب ہم ظل ہیں، تمام صفات میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے" (ملفوظات احمدیہ صہ ۱۴۲ حصہ چہارم)

"کیونکہ میں بارہا کہہ چکا ہوں کہ بموجب آیت وآخرین منھم لما یلحقوا بھم میں بروزی طور پر وہی خاتم الانبیاءؐ ہوں" (ایک غلطی کا ازالہ صہ ۸)

"میں خدا کی سب راہوں میں سے آخری راہ ہوں اور اس کے سب نوروں میں سے آخری نور ہوں"

(کشتی نوح صہ ۵۹)

اب ذرا کلیجہ تھام کر وہ کچھ بھی پڑھ لیجیے جو کہ مرزا نے جلیل القدر پیغمبر حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی شان اقدس میں کہا ہے

"خدا نے اس امت میں سے مسیح موعود کو بھیجا ہے جو کہ پہلے مسیح سے اپنی تمام شان میں بڑھ کر ہے اگر مسیح ابن مریم بھی میرے زمانے میں ہوتا تو جو کام میں کر رہا ہوں، ہرگز نہ دکھا سکتا" "اسی زمانے میں ایک تالاب تھا جس سے بڑے بڑے نشان ظاہر ہوتے تھے۔ خیال ہو سکتا ہے کہ اس تالاب کی مٹی آپ بھی استعمال کرتے تھے اور آپ کے ہاتھ میں سوائے مکر و فریب کے کچھ نہ تھا" (ضمیمہ انجام آتھم صہ ۵۰، ازالہ اوہام صفحہ ۲۲۳ حاشیہ)

اور اب آگے مرزا ملعون نے جو کچھ کہا ہے۔ اس پر تو تا قیامت آسمان روئے گا اور زمین کا سینہ بھی شق ہو جائے گا

"آپ (حضرت عیسیٰؑ) کا شجرہ نسب اس قدر گندا تھا کہ آپ کی تین دادیاں اور تین نانیاں بدکار عورتیں تھیں"

(ضمیمہ انجام آتھم صہ ۷)

یعنی مریم بنت عمران کی والدہ کے بارے میں اور ان کی والدہ اور ان کی بھی والدہ کے بارے میں مرزا نے جو کچھ کہا ہے وہ اس قدر اذیت ناک ہے کہ اس کا عذاب آج بھی مرزا قادیانی کے چیلوں پر نازل ہو رہا ہے۔ یہی کچھ کم تھا کہ مرزا نے دادیاں بھی پیدا کر دیں یوں لگتا ہے جیسے مرزا گھٹیا ذہنیت، کافتوں اور جھوٹ کا مجموعہ تھا، اب آگے سنیے

"آپؑ کو گالیاں دینے کی بھی عادت تھی ادنیٰ سی بات پر بھی غصہ آجاتا تھا، کسی قدر جھوٹ بولنے کی بھی عادت تھی"

(ایضاً صہ ۵ حاشیہ)

ایک دفعہ مرزا کو کسی نے افیون استعمال کرنے کا مشورہ دیا۔ مرزا نے فوراً جواب دیا کہ لوگ کہیں گے پہلا مسیح شرابی تھا دوسرا افیونی (نعوذ باللہ)

یہ سب کچھ مرزا کی گھٹیا اور مکروہ تحریروں کی جھلک ہی ہے ورنہ اس قدر مکروہ تحریریں نقل کرنے کی قلم میں بھی تاب نہیں

میں ہوں ختم آخری صد احترام
ہر نبوت کا ہے مجھ پر اختتام

آخر میں تمام مسلمانوں سے گزارش ہے کہ ناموس رسالت صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے تحفظ ختم نبوت کے لیے ہر وہ کام کریں جس کا وہ تقاضا کرے۔ اور منکرین رسالت و ختم نبوت کا جینا دوبھر کر دیں۔

قادیانیت پورے عالم اسلام کے لئے سخت ترین خطرہ ہے

قادیانیو! لیجئے تمہارے خطوط کا جواب حاضر ہے

ندیم

ایک قادیانی بی اے چوہدری لکھتے ہیں کہ آپ نے

ایک ہندو نوجوان کے قبول اسلام کی داستان شائع کی تھی، کیا بتائیں گے کہ اس نے کونسا کلمہ پڑھا تھا، اگر یہی کلمہ پڑھا تھا تو کیا بتائیں گے کہ احمدی بھی تو یہی کلمہ پڑھتے ہیں، انہیں کافر کیوں کہا جاتا ہے؟

۲۔ کینیڈا میں آپ کا وفد گیا ختم نبوت کانفرنس کی، وہاں کی حکومت نے احمدیوں کو اللہ کے گھر تعمیر کرنے کی آزادی دے رکھی ہے۔ ایک احمدی تقریب میں وہاں کے دو میئر اور وزارتِ داخلہ کا نمائندہ شریک ہوا ـــــ (گویا آپ کے وفد کا کیا فائدہ ہوا)

مرزائی دوست سے عرض ہے کہ ایمان نام ہے اقرار باللسان اور تصدیق بالقلب کا ـــــ زبان سے لاکھ کلمہ پڑھیے تصدیق بالقلب نہیں تو اس سے کلمہ کا کوئی اعتبار نہیں۔ زبان سے کلمہ تو منافقین بھی پڑھتے تھے۔ انہوں نے دکھاوے کے لیے ایک مسجد بھی بنائی تھی جسے مسجد ضرار قرار دے کر مسمار کر دیا گیا، زبان سے کلمہ پڑھنے کے باوجود اللہ تعالیٰ نے حکم فرمایا یا ایہا النبی جاھد الکفار والمنافقین اے میرے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کفار اور منافقین سے جہاد کیجئے۔ اب اگر کوئی آپ جیسا آدمی یہ کہے کہ (العیاذ باللہ) حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے خواہ مخواہ ان سے جہاد کیا، ان کی مسجد ضرار کو مسمار کیا کیا حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کا دل چیر کر دیکھا تھا، تو آپ کے پاس اس کا کوئی جواب ہے؟

یہی معاملہ قادیانیوں کا ہے قادیانی منافقوں سے بھی بدتر ہیں وہ زبان سے کلمہ پڑھتے ہیں لیکن تصدیق بالقلب نہیں اور اس کا ثبوت یہ ہے کہ وہ کلمہ کے دوسرے جز محمد رسول اللہ سے مراد مرزا قادیانی کو لیتے ہیں۔ جیسا کہ خود مرزا قادیانی نے لکھا ہے کہ محمد رسول اللہ والذین معہ اس آیت میں خدا نے میرا نام محمد بھی رکھا اور رسول بھی (دیکھئے ایک غلطی کا ازالہ) تو جناب بی۔ اے چوہدری صاحب یا تو آپ صاف فرمائیں کہ یہ مرزا نے جھوٹ اس کی ہے یا پھر صاف کہیں کہ مرزا نے صحیح لکھا ہے۔ اگر غلط ہونے کا اقرار کریں تو امت مسلمہ کے دروازے آپ کے لیے کھلے ہیں اور اگر اس عبارت کی سچائی کا اقرار کرتے ہیں تو پھر تصدیق بالقلب نہ ہوئی ـــــ محض زبان سے کلمہ پڑھنا دھوکہ دینا ہے۔ اس کی مثال یوں سمجھیں جیسے کوئی شخص شراب پر شربت کا لیبل لگا کر فروخت کرتا ہو اور آواز بھی یہی لگاتا ہو کہ یہ شربت ہے۔ کوئی شخص پہچان کر اسے کہے کہ تم شراب کیوں بیچ رہے ہو اور وہ جواب میں کہے کہ بوتل میں جو کچھ ہے اسے نہ دیکھو لیبل کو دیکھو ـــــ تو معاشرہ اس فراڈ کی اجازت دے گا، اور نہ اسلامی شریعت میں اس کی اجازت ہے۔ مرزا قادیانی کی جھوٹی شریعت میں ہی اس قسم کا فراڈ چل سکتا ہے کیونکہ وہ خود فراڈیا تھا۔

۲۔ جہاں تک اس بات کا تعلق ہے کہ وہ عیسائی ملکوں میں بقول ان کے اللہ کے گھر تعمیر کر رہے ہیں اور وہاں کے عیسائی اور عیسائی نمائندے ان کی تقریبات میں شرکت کرکے قادیانیوں کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں تو بتائیے کہ اگر عیسائی قادیانیوں کی حوصلہ افزائی نہ کریں تو اور کون کرے، قادیانیت عیسائی حکمرانوں اور عیسائی ملکوں کی ضرورت ہے کیونکہ وہ ان کے لیے جاسوسی اور مخبری کا کام کرتے ہیں، عیسائی حکمران اتنے احسان فراموش نہیں کہ قادیانی تو عیسائی حکمرانوں پر جان چھڑکیں اور وہ اس کا صلہ بھی نہ دیں، آخر مرزا قادیانی یوں ہی تو نہیں لکھ گیا کہ "میں انگریز کا خود کاشتہ پودا ہوں"۔ جہاں تک عالمی مجلس کے وفد کے دورے کا تعلق ہے تو وہ مسلمانوں کو قادیانیت کی اصل حقیقت سے آگاہ کرنے اور قادیانیوں پر اتمام حجت کرنے کے لیے گیا تھا، سو اس مقصد میں کامیاب تھا۔

دوسرے قادیانی کا خط

ایک اور قادیانی ایم اے شاہد کے نام سے وقتاً فوقتاً کرم فرمائی کرتا رہتا ہے، اس نے اپنے تازہ خط میں لکھا ہے کہ

"۵ ستمبر کے روزنامہ ڈان نظر سے گذری ایک خبر نے چونکا کر رکھ دیا اور وہ یہ کہ ۱۷ اگست کو بحالی جمہوریت کے لیے چلائی گئی تحریک میں جہاں میجر مشتاق خانم آرڈی کے بہت سے کارکن ہلاک کیے وہاں مولانا اسلم قریشی بھی ہلاک ہو گیا"

ہمارے علماء اصل مجرم قادیانی لیڈر کو قرار دے رہے تھے اور اب اس خبر سے راز فاش ہو گیا!

آج سے کچھ عرصہ پہلے ٹرینیڈاڈ شمالی امریکہ میں ایک اسلم قریشی قتل ہوا، اخبار میں خبر چھپی تو مرزائیوں نے لکھا کہ ٹرینیڈاڈ میں جس اسلم قریشی کا قتل ہوا ہے وہ وہی اسلم قریشی ہے جس کے بارے میں مولوی شور مچا رہے ہیں اور اسے راجہ ظفر الحق اپنے ساتھ لے کر گیا تھا۔ بعد میں قادیانی رسالوں نے بھانڈا پھوڑ کر وہ ان کا مرثیہ تھا قادیانیوں کی وہ ہیں ہیں میں فٹ ہو گئی، ایسی ہی یہ خبر ہے ہم مرزائی مذکور سے کہتے ہیں کہ اگر واقعی ۱۴ اگست کو مولانا اسلم قریشی قتل ہوئے ہیں تو پھر مرزا طاہر کو لکھو کہ وطن واپس آ جائے کیونکہ اصل مجرم وہ نہیں کوئی اور ہے ـــــ مرزائی مذکور بتائے کہ کب تک مرزا طاہر (طاہر) کا انتظار کیا جائے۔

قادیانیوں نے بیرون ملک بھاگنا شروع کر دیا

چک نمبر ۳۰۸ ج ب سرشمیر روڈ ضلع فیصل آباد میں مرزائی کافی عرصہ سے امتناع قادیانیت آرڈیننس کی کھلم کھلا خلاف ورزی کر رہے تھے۔ اور کر رہے ہیں، ان کا تعاقب کرتے ہوئے مولوی فقیر محمد صاحب سیکرٹری اطلاعات عالمی مجلس تحفظ ختم نبوۃ فیصل آباد نے ضلعی انتظامیہ سے مطالبہ کیا اور بروز ہفتہ

باقی صفحہ ۲۶ پر

ختم نبوت فی القرآن

مولانا غلام رسول فیروزی

ضرب خاتم بر مرزائی شاتم

اثبات ختم نبوت اور رد قادیانیت پر ایک سلسلہ وار مضمون

سوال: یابنی آدم اما یاتینکم رسل

اے بنی آدم ! جب کبھی تمہارے پاس میرے رسول آئیں ۔ اس سے ثابت ہوا قیامت تک نبی آسکتے ہیں ؟

جواب: ۱. اس کا مطلب یہ ہوا کہ قیامت تک نبی آسکتے ہیں تو پھر تشریعی نبی بھی بنی آدم میں تا قیامت آسکتے ہیں ۔ مرزائی تشریعی نبوت سے انکار کیوں کرتے ہو۔

۲. قرآن مجید میں جب صرف مسلمانوں کو خطاب ہوا یاایھا الذین آمنو فرمایا اور جب اس زمانے کے لوگوں کو خطاب کرنا ہوا تو یاایھا الناس فرمایا اور جب حضرت آدم علیہ السلام سے لے کر قیامت تک کے لوگوں کو خطاب کیا تو یا بنی آدم فرمایا ۔ خطاب کے ان تینوں طریقوں میں فرق ہے وہ یہ ہے ۔

یہاں پر یا بنی آدم فرمایا تو یہ خطاب حضرت آدم علیہ السلام سے لے کر قیامت تک کے تمام لوگوں کو ہے اور اس خطاب میں جن سے سوال کے آنے کی خبر دی گئی ہے ۔ وہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے پہلے پہلے آچکے ہیں ۔

۳. یہ آیت سورۃ اعراف کی ہے ۔ اور سورۃ اعراف آپ کھول کر دیکھیں وہاں آدم علیہ السلام کی تخلیق کا لمبا واقعہ بیان کیا گیا ہے ۔ پھر یا بنی آدم کہہ کر اس زمانے کے لحاظ سے خطاب فرمایا ۔ پھر آگے کچھ تھوڑا سا بیان فرمایا کر پھر دوبارہ " یا بنی آدم " سے خطاب فرمایا اور پھر تھوڑا سا آگے چل کر تیسری مرتبہ یا بنی آدم سے خطاب فرمایا ۔ اس طرح یہ مضمون سیاق وسباق میں کافی لمبا ہو گیا ۔ مرزائیوں نے دیکھا کہ کون اس قدر پیچھے جا کر سیاق وسباق دیکھے گا ۔ لہٰذا جھٹ اس مضمون کے لمبا ہو جانے کے فائدہ اور اجرائے نبوت کو دلیل بنا کر دے مارا ۔ دراصل یہ خطاب سورۃ بقرہ کے اس خطاب کی طرح ہے ۔ قلنا اھبطوا منھا جمیعاً ج فاما یاتینکم منی ھدی " ہم نے کہا کہ اس میں سے اتر جاؤ ، پس جب کبھی میری طرف سے ہدایت آئے ۔ آخر تک ۔ انبیاء آتے رہے اور جب منظور ہوا تو ۔ یہ سلسلہ نبوت بند کرنے کا اعلان فرما دیا ۔ اب کسی ملحد کو یہ حق نہیں پہنچتا کہ منشاء خداوندی کے خلاف طرح طرح کے شکوک وشبہات کھڑے کرے ۔

سوال: ھو الذی بعث فی الامیین رسولا منھم الی قولہ وآخرین منھم لما یلحقو بھم ۔ سے مراد یہ ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد پیدا ہونے والے لوگوں کے لیے دوبارہ پیدا ہوں گے ۔ ان کی دوسری بعثت مرزا کی صورت میں تھی ۔

جواب: اس کا مطلب تو یہ ہوا کہ پہلے والی بعثت منسوخ ہو گئی ۔ اور اب قادیانی بعثت کا آغاز ہوا ۔ حالانکہ آیت کا مطلب تو یہ ہے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی یہ بعثت جو کہ امیوں میں سے ہوئی ہے ۔ وہ صرف عرب کے امیوں تک محدود تک تھی بلکہ اس کا دائرہ قیامت تک آنے والے عجمیوں تک وسیع ہے ۔ اس آیت کا مضمون اس فقرے میں ہے ۔ المبعوث الی الاسود والاحمر والبعوث الی العرب والعجم " وہ کالے اور گورے کی طرف اور عرب وعجم کی طرف بھیجے گئے ۔ آیت میں بار بار بعثت کا ذکر نہیں بلکہ مبعوث ہونے والے کا تعلق مختلف زمانے کے لوگوں کے ساتھ رسول کا ہے ۔ یعنی تعدد نفس فعل میں نہیں بلکہ اس کے محل اور متعلق میں ہے ۔ اس آیت سے اگر کوئی یہ سمجھ لے کہ ایک دفعہ کالے کی طرف اور دوسری دفعہ گورے کی طرف پھر عرب کی طرف اور پھر عجم کی طرف آئیں گے تو اس عقل وفہم پر قربان جائیے ۔

۲. یہ آیت نبوت کا دروازہ بند کر رہی ہے ۔ اور بتا رہی ہے کہ بعد میں قیامت تک آنے والے انسانوں کے لیے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ہی بعثت کافی ہے ۔ اور جیسا کہ فرمایا حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ " ارسلت الی کافۃ للناس " میں تمام لوگوں کی طرف بھیجا گیا ہوں ۔

۳. اگر بالفرض محال تمہارا دعویٰ مان لیا جائے پھر چاہیے کہ مرزا حافظ قرآن ہو ۔ خاتم النبیین ہو ۔ صاحب شریعت ہو ۔ کیونکہ یہ سب باتیں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم میں موجود تھیں ۔ یہ بھی چاہیے کہ مرزا مسیحیت اور مہدویت کا ڈھونگ نہ رچاتے ۔ اس سے باز رہے اور اس سے باز نہیں آتا تو محمد بننے سے باز رہے ۔

سوال: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت کی دلیل کے طور پر اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی ۔ قد لبثت فیکم عمراً من قبلہ افلا تعقلون (یونس : ۱۶) یعنی میں تم میں دعویٰ نبوت سے پہلے ایک عمر گزار چکا ہوں ۔ کیا تم میں عقل نہیں ۔ " ہم بھی کہتے ہیں کہ مرزا صاحب تم میں آنکھ کھولے ٹھہرے قرآن کا کوئی عیب بیان کرو ۔

جواب: اس آیت میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے امی ہونے کا بیان ہے ۔ یعنی میں نے تمہارے سامنے عمر گزار دی اور کسی سے نہیں پڑھا ۔ پھر میرا اس قدر فصیح وبلیغ کلام کرنا میری نبوت کی دلیل نہیں تو اور کیا ہے ؟

حالانکہ مرزا قادیانی نے ہم میں عمر ضرور گزاری مگر اساتذہ سے سبق پڑھ پڑھ کر نبی بن بیٹھا ۔ چنانچہ مرزا قادیانی اور مرزائی تسلیم کرتے ہیں کہ مرزا قادیانی نے فلاں فلاں سے پڑھا ۔ پہلا عظیم عیب تو یہ ہوا ۔

۲. مرزا قادیانی کی سابقہ زندگی کا حال تو یہ ہے کہ اپنے ہی فتوے کے مطابق مسیحیت کے دعوے سے پہلے مشرک تھا ۔ باون ۵۲ سال تک حیات مسیح کا قائل رہا اور اس کے بعد فتویٰ دے دیا کہ حیات مسیح کا عقیدہ شرک ہے تو گویا دوسرا بھیانک عیب یہ ہوا کہ مرزا قادیانی باون ۵۲ سال تک

مسلسل شرک میں مبتلا رہا ۔ ملاحظہ ہو : ۔

" حیاتِ عیسیٰ کا عقیدہ شرک عظیم ہے "

(استفتاء صہ ۳۹)

۳۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی شہرت نبوت کے دعویٰ سے پہلے اس قدر تھی کہ ابو جہل جیسے لوگ بھی صادق اور امین کے نام سے پکارتے تھے ۔ مگر مرزا ایسے القابات سے محروم تھا ۔ القابات ملنا تو درکنار اسے کوئی جانتا تک نہیں تھا ۔ چنانچہ مرزا تریاق القلوب صہ ۱۲۸ پر لکھتا ہے " اس بات کو عرصہ تقریباً بیس سال کا گذر چکا ہے ۔ کہ اس زمانے میں جبکہ مجھ کو بجز قادیان کے چند آدمیوں کے کوئی نہیں جانتا تھا الہام ہوا "

۴۔ مرزا کے بچپن کے حالات اور گندی حرکات و واقعات رئیس قادیان میں تفصیل سے دیکھے جا سکتے ہیں ۔

(جاری ہے)

بقیہ : ابتدائیہ

۱۳ " عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت " کے زیر اہتمام پانچویں آل پاکستان تحفظ ختم نبوت (منعقدہ ۱۶/۱۷ اکتوبر ۱۹۸۶ء) کا عظیم الشان اجتماع " مجاہد ختم نبوت مولانا محمد اسلم قریشی مرحوم کے اغواء اور قتل پر حکومت کی بے حسی کو تشویش کی نگاہ سے دیکھتے ہوئے انتہائی افسوس کا اظہار کرتا ہے ۔

تحفظ ختم نبوت کانفرنس کا یہ عظیم اجتماع حکومت سے مطالبہ کرتا ہے کہ مولانا محمد اسلم قریشی کے قاتلوں کی گرفتاری کے لیے فوری اور مؤثر اقدامات کرے ۔

مولانا محمد اسلم قریشی کے اغواء اور قتل میں اعانت کرنے اور تفتیش کو خراب کرنے والے افسران کو معطل کر کے ان کے خلاف قانونی کارروائی کی جائے ۔

مولانا محمد اسلم قریشی کیس کے سلسلہ میں جتنی تفتیشی ٹیمیں وقتاً فوقتاً مقرر کی گئیں ان کی تفتیشی کارروائیوں اور نتائج سے اسلامیان پاکستان کو آگاہ کیا جائے ۔

مرزا طاہر جس کے حکم سے یہ اغواء ہوا ہے کو فوراً انٹرپول کے ذریعہ پاکستان لا کر اس پر مقدمہ چلایا جائے اور اس کے فرار میں مدد دینے والے چہرے جو ابھی تک صیغۂ راز میں ہیں ان کو بے نقاب کر کے انہیں قانون کے مطابق سزا دی جائے ۔

۱۷ فروری ۱۹۸۶ء کو " مذاکرات " کے دوران جناب وزیر اعظم جونیجو نے وعدہ کیا تھا کہ وہ اپنی مرضی کی تفتیشی ٹیم مقرر کر کے چار ماہ تک حتمی اعلان کریں گے ۔ اس پر بھی سات ماہ گذر گئے اور معلوم نہیں کہ اس تفتیش کے نتائج کیا ہوئے؟ قوم کو آگاہ کیا جائے ۔

پہلے قادیانی بنایا جاتا ہے پھر ہندو بھارت میں مسلمانوں کے خلاف سازش

ہفت روزہ ختم نبوت کا بڑی بے چینی سے انتظار رہتا ہے ۔ لیکن اس کے بعد بھی اکثر اس کے مطالعہ سے محروم رہتا ہے ۔ اس کی وجہ یہ ہے ۔ بندہ اکثر سفر میں رہتا ہے ۔ ابھی اچانک اکتوبر کا شمارہ نظر آیا تو اس کا مطالعہ کیا جس سے دل کو بہت سکون ہوا ۔

حضرت مولانا سید ارشد مدنی مدظلہ کا بیان بھی پڑھا جس میں آپ نے علی گڑھ کا ذکر فرمایا ہے ۔ اس سے بڑی اہم اطلاع یہ ضروری ہے کہ ضلع آگرہ میں ایک موضع سانڈھن ہے ۔ جو اس پورے علاقے میں مرکزی حیثیت رکھتا ہے ۔ ۱۹۳۰ء سے اس موضع میں قادیانی تحریک شروع ہوئی ۔ اس گاؤں کی کل آبادی تقریباً دس ہزار ہے ۔ جس میں کل دو ہزار مسلمان ہیں ۔ اور تقریباً ۲۰۰ قادیانی ہیں بقیہ ہندو ہو گئے ہیں ۔ طرفہ تماشا یہ ہے کہ پہلے قادیانی مذہب اختیار کرایا جاتا ہے ۔ پھر وہی قادیانی ہندو مذہب اپنا لیتا ہے

(محمد طاہر مظاہری ممبر جمعیۃ علمائے ہند دہلی)

بقیہ : قادیانیوں نے بھاگنا شروع کر دیا

ختم نبوت میں پوری وضاحت سے بیان بھی دیا ۔ مولانا صاحب کے اس مطالبہ پر ضلعی انتظامیہ کی طرف سے قادیانیوں کے خلاف کارروائی عمل میں لائی گئی ۔ اس کارروائی پر چک کے مرزائیوں کو بہت ذلت اور رسوائی ہوئی ۔ قادیانیوں نے بیرون ملک بھاگنا شروع کر دیا ہے جو قادیانی بیرون ملک جا رہے ہیں بفیصل آباد میں ان کا پورا تعاقب کر رہے ہیں اور کراچی میں بھی ان کا پیچھا اور تعاقب کیا جائے ۔

(مجلس تحفظ ختم نبوت چک ۳۰۴ ج ب سرشمیر روڈ فیصل آباد)

بقیہ : حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا

حضرت ابراہیم کے جو حضرت ماریہ قبطیہ (المتوفاۃ ۱۶ھ) سے تھے ۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی چار لڑکیاں اور تین لڑکے تھے حضرت خدیجہ کی موجودگی میں آپ نے کوئی دوسری شادی نہیں کی حضرت خدیجہ نے پینسٹھ سال کی عمر میں گیارہ رمضان المبارک سنہ ۱۰ نبوت (اس ہجری سے تین سال قبل) ابو طالب کی وفات کے تین روز بعد مکہ مکرمہ میں وفات پائی خود نبی کریم نے ان کو قبر میں اتارا اس وقت نماز جنازہ فرض نہیں ہوئی تھی مکہ کے مشہور قبرستان حجون (جنت المعلیٰ) میں دفن کی گئی ۔

بقیہ : مسلم لیگ

ہیں ۔ آخر میں پاکستان مسلم لیگ ڈسٹرکٹ ویسٹ کے کنوینر جناب آزاد بن حیدر نے صدارتی تقریر میں وزیر اعظم جونیجو سے مطالبہ کیا کہ پاکستان کے پہلے وزیر اعظم لیاقت علی خان کو شہید کرنے والے قادیانی تھے ۔ لہذا ہمارا مطالبہ ہے کہ وزیر اعظم لیاقت علی خان کے مقدمہ کی کارروائی دوبارہ شروع کرائی جائے اور قاتلوں کو گرفتار کیا جائے اور انہیں سزائے موت دی جائے ۔

جلسہ سے جناب الحاج شمیم الدین صوبائی وزیر سندھ برائے ، جناب اظہر صدیقی وزیر صحت سندھ اور جناب کے ایس مجاہد خان وزیر کچی آبادی سندھ و دیگر مقررین نے بھی خطاب کیا ۔

آج کے دور میں — ہر گھر کی ضرورت

چینی کے برتن

ھم

نفیس، خوبصورت اور خوشنما ڈیزائن چینی (پورسلین) کے اعلیٰ قسم کے برتن بناتے ہیں

استعمال میں اعلیٰ ۔ چلنے میں دیرپا

ایک بار آزمائیے

دادا بھائی سرامک انڈسٹریز لمیٹڈ ۲۵/بی سائٹ کراچی فون ۲۹۱۴۳۹

خالص اور سفید ——— صاف وشفاف

شکر (چینی)

پتہ

حبیب اسکوائر ایم اے جناح روڈ (بندر روڈ) کراچی

باوانی شوگر ملز لمیٹڈ

INTERNATIONAL
WEEKLY KHATME-NUBBUWAT KARACHI
Registered No. M-166

لٹریچر کی اشاعت میں حصہ لیجئے

اندرون و بیرون ملک سے مسئلہ ختم نبوت اور رد قادیانیت کے موضوع پر لٹریچر کی شدید مانگ ہے اور اس میں روز بروز اضافہ ہو رہا ہے۔ جب سے عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت نے اپنی سرگرمیوں کا دائرہ پوری دنیا میں پھیلایا ہے — مرکزی دفتر ملتان اور کراچی دفتر میں بیرون ملک سے لاتعداد خطوط موصول ہو رہے ہیں جن میں انگریزی اور عربی میں لٹریچر کا تقاضا ہوتا ہے۔

الحمدُ للہ — ہم ان تمام تقاضوں کو پورا کرنے میں کامیاب ثابت ہوئے ہیں۔ اس وقت اللہ کا شکر ہے ہم نے مشرق سے مغرب اور شمال سے جنوب کوئی خطہ ایسا نہیں چھوڑا جہاں ہم نے اپنا لٹریچر نہ پھیلایا ہو، ہمارے لٹریچر کی ترسیل ہوائی ڈاک سے ہو رہی ہے جس پر بڑی رقم خرچ ہوتی ہے اس کے علاوہ بیرون ملک جانے والے مسافروں کے ذریعہ بھی بہت سا لٹریچر بھیجا جا رہا ہے۔

اس وقت انگریزی اور عربی میں زیادہ سے زیادہ لٹریچر شائع کرنے کی اشد ضرورت ہے۔ عربی اور انگریزی میں شعبہ تصنیف و تالیف کا بھی منصوبہ ہے جس کے لیے بھی فنڈ کی اشد ضرورت ہے۔

لہٰذا ہم پوری امت کے اہل خیر سے گذارش کرتے ہیں کہ وہ ہمارے "اشاعت فنڈ" میں دل کھول کر عطیات دیں تاکہ دنیا کے چپے چپے میں ہم لٹریچر پہنچا سکیں۔

رقوم بھیجنے کے لئے

عالمی مرکزی دفتر مجلس تحفظ ختم نبوت حضوری باغ روڈ۔ ملتان فون — 76338

عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کراچی، جامع مسجد باب الرحمت (ٹرسٹ)

پرانی نمائش۔ کراچی ۳، پاکستان - فون — ۷۱۱۶۷۱

کراچی میں "رقوم" براہ راست بنک میں بھی جمع کرا سکتے ہیں۔

1. الائیڈ بنک آف پاکستان، بنوری ٹاؤن برانچ کراچی کرنٹ اکاؤنٹ نمبر ۳۶۲
2. الائیڈ بنک آف پاکستان، کھوڑی گارڈن برانچ کراچی کرنٹ اکاؤنٹ نمبر ۷۵۹